
CALVARY EVANGELICAL APOLOGETICS SOCIETY
"Simply ,Teaching the Word, Simply"




# مکاشفہ کی کتاب کا خلاصہ

**مصنف:** مکاشفہ 1 باب 1، 4اور 9 آیات اور 22 باب 8 آیت مکاشفہ کی کتاب کے مصنف کے طور پر بڑے واضح انداز سے یوحنا رسول کا ذکر کرتی ہے۔

**سنِ تحریر:** مکاشفہ کی کتاب غالباً 90-95 بعد از مسیح میں قلمبند کی گئی تھی۔

**تحریر کا مقصد:** یسوع مسیح کا مکاشفہ یوحنا رسول کو خدا کی طرف سے دیا گیا تھا تاکہ "اپنے بندوں کو وہ باتیں دِکھائے جن کا جلد ہونا ضرور ہے۔" یہ کتاب مستقبل میں ہونے والی باتوں کے بارے میں بھیدوں سے بھری ہوئی ہے۔ یہ آخری انتباہ ہے کہ یہ دنیا ضرور ختم ہو گی اور آخری عدالت یقینی ہے۔ اس کتاب میں ہمیں فردوس کی کچھ جھلکیوں کے ساتھ ساتھ اُن لوگوں کے لیے عزت اور وقار کو بھی دکھایا گیا ہے جو اپنے جاموں کو پاک رکھتے ہیں۔ مکاشفہ کی کتاب ہمارے سامنے عظیم مصیبت کو تمام بڑے بڑے دُکھوں، پریشانیوں اور اُس آخری آگ کے ساتھ پیش کرتی ہے جس میں تمام غیر ایماندار ہمیشہ کے لیے جلیں گے۔ مکاشفہ کی کتاب شیطان کے زوال اور پھر اُسکے لیے اور اُس کے فرشتوں کے لیے اُس ابدی عداب کو بھی بار بار بیان کرتی ہے جو اُن کے لیے مقرر ہو چکا ہے۔ اِس کتاب میں ہم پر فردوس کی تمام مخلوقات اور فرشتوں کے فرائض اور اُن مقدسین کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو بھی ظاہر کیا جاتا ہے جو نئے یروشلیم میں یسوع کے ساتھ ہمیشہ کے لیے رہیں گے۔ مکاشفہ کی کتاب میں ہم جو کچھ پڑھتے ہیں اُسے بیان کرنا ہمارے لیے بھی اُتنا ہی مشکل ہے جتنا کہ یہ یوحنا رسول کے لیے تھا۔

**کلیدی آیات:** مکاشفہ 1 باب 19 آیت: "پس جو باتیں تُو نے دیکھیں اور جو ہیں اور جو اِن کے بعد ہونے والی ہیں اُن سب کو لکھ لے۔"



Got Questions
Your Questions. Biblical Answers.

CEAS
CALVARY EVANGELICAL APOLOGETICS SOCIETY
"Simply ,Teaching the Word, Simply"

مکاشفہ 13 باب 16-17 آیات: "اور اُس نے سب چھوٹے بڑوں دولت مندوں اور غریبوں۔ آزادوں اور غُلاموں کے دہنے ہاتھ یا اُن کے ماتھے پر ایک ایک چھاپ کرا دی۔ تا کہ اُس کے سوا جس پر نشان یعنی اُس حیوان کا نام یا اُس کے نام کا عدد ہو اَور کوئی خرید و فروخت نہ کر سکے۔"

مکاشفہ 19 باب 11 آیت: "پھر مَیں نے آسمان کو کھلا ہوا دیکھا اور کیا دیکھتا ہوں کہ ایک سفید گھوڑا ہے اور اُس پر ایک سوار ہے جو سچا اور برحق کہلاتا ہے اور وہ راستی کے ساتھ اِنصاف اور لڑائی کرتا ہے۔"

مکاشفہ 20 باب 11 آیت: "پھر مَیں نے ایک بڑا سفید تخت اور اُس کو جو اُس پر بیٹھا ہوا تھا دیکھا جس کے سامنے سے زمین اور آسمان بھاگ گئے اور اُنہیں کہیں جگہ نہ ملی۔"

مکاشفہ 21 باب 1 آیت: "پھر مَیں نے ایک نئے آسمان اور نئی زمین کو دیکھا کیونکہ پہلا آسمان اور پہلی زمین جاتی رہی تھی اور سمندر بھی نہ رہا۔"

**مختصر خلاصہ:** مکاشفہ کی کتاب ان رویاؤں کے رنگارنگ بیانات سے بھری پڑی ہے جو مسیح کی دوسری آمد اور نئے آسمان اور نئی زمین کے رونما ہونے سے پہلے آخری ایام کے بارے میں ہمیں آگاہ کرتے ہیں۔ مکاشفہ کی کتاب ایشیا کوچک کی سات کلیسیاؤں کے نام خطوط سے شروع ہوتی ہے اور پھر زمین پر نازل ہونے والی آفتوں کے سلسلے؛ حیوان کے عدد "666"؛ ہرمجدُون کی آخری جنگ؛ ابلیس کی قید؛ خداوند کی بادشاہی؛ بڑے سفید تخت کی عدالت؛ اور خدا کے ابدی شہر کی خصوصیات وہیت کو بیان کرتی ہے۔ یسوع مسیح کے بارے میں کی گئی پیشن گوئیاں پوری ہو چکی ہیں اور اس کی بادشاہی کی حتمی پیشن گوئی ہمیں یقین دلاتی ہے کہ وہ جلد واپس آنے والا ہے۔

**پرانے عہد نامے کیساتھ ربط:** مکاشفہ کی کتاب آخری ایام کے بارے میں اُن پیشن گوئیاں کا اختتام ہے جن کا آغاز پرانے عہد نامے سے ہوتا ہے۔ دانی ایل 9 باب 27 آیت میں بیان کردہ مخالفِ مسیح کا ذکر مکاشفہ 13 باب میں مکمل طور پر واضح ہوتا ہے۔ بائبل میں مکاشفہ کی کتاب سے باہر مکاشفاتی ادب کی مثالیں دانی ایل 7-12 ابواب، یسعیاہ 24-27 ابواب، حزقی 37-41 ابواب اور زکریاہ 9-14 ابواب ہیں۔ مکاشفہ کی کتاب میں یہ تمام پیشن گوئیاں ایک ساتھ واقع ہوتی ہیں۔

**عملی اطلاق:** کیا آپ نے مسیح کو اپنے نجات دہندہ کے طور پر قبول کیا ہے؟ اگر اس کا جواب ہاں ہے تو آپ کو خدا کی طرف سے دنیا کی اُس عدالت کے بارے میں خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے جو مکاشفہ کی کتاب میں بیان کی گئی ہے۔ کیونکہ منصفِ اعظم ہماری طرف ہے۔ حتمی عدالت کے شروع ہونے سے پہلے ہمیں اپنے دوستوں اور پڑوسیوں کے سامنے مسیح میں خدا کی ابدی زندگی کی پیش کش کے بارے میں گواہی دینی چاہیے۔ اس کتاب میں بیان کردہ واقعات حقیقی ہیں۔ ہمیں اپنی زندگی کو اُس ایمان کے مطابق بسر کرنا چاہیے جو ہم خدا پر رکھتے ہیں تا کہ دوسرے لوگ مستقبل کے بارے میں ہماری خوشی کو محسوس کریں اور اُس نئے اور شاندار شہر میں جانے کے لیے ہمارے ساتھ شامل ہوں۔



Got Questions
Your Questions. Biblical Answers.